عوام وکارکنان نظام ہاشمی ایڈوکیٹ کی جلد صحتیابی کیلئے خصوصی دعائیں کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔23اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم لیگل ایڈ کمیٹی کے رکن نظام ہاشمی ایڈوکیٹ کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام وکارکنان سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ نظام ہاشمی ایڈوکیٹ کی جلد صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔واضح رہے کہ نظام ہاشمی ایڈوکیٹ کئی روز سے فالج کے موضی مرض میں مبتلا ہیں اور وہ مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔دریں اثناء حق پرست ارکان سندھ اسمبلی مقیم عالم ایڈوکیٹ، معین خان، ریحان ظفر، ڈاکٹر محمد علی شاہ اور نارتھ ناظم آباد کے ٹاؤن ناظم ممتاز حمید نے اسپتال جاکر نظام ہاشمی ایڈوکیٹ کی عیادت کی اور ان کی صحتیابی کیلئے دعا کی۔

عوام وکارکنان ڈاکٹر محمد علی شاہ کی والدہ کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کریں، الطاف حسین کی اپیل

لندن۔۔23اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی ڈاکٹر محمد علی شاہ کی والدہ کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست عوام وکارکنان سے بھی اپیل کی ہے کہ وہ ڈاکٹر محمد علی شاہ کی والدہ جلد صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں کریں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن اشفاق منگی اور حق پرست رکن سندھی اسمبلی خالد بن ولایت نے مقامی اسپتال جاکر ڈاکٹر محمد علی شاہ کی والدہ کی عیادت کی۔اس موقع پر ایم کیوایم میڈیکل ایڈ کمیٹی کے انچارج منور حسین بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔

ڈاکٹر فاروق ستار نے فوزیہ وہاب کے والد کے انتقال پر گھر جاکر تعزیت کی

کراچی۔۔23اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اور قومی اسمبلی میں پارٹی کے پارلیمانی لیڈر ڈاکٹر فاروق ستار نے پیپلز پارٹی کی قومی اسمبلی کی رکن محترمہ فوزیہ وہاب کے والد حسنین والا گوہر کے انتقال پر مرحوم کی رہائش گاہ جاکر اپنی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے محترمہ فوزیہ وہاب اور ان کے دیگر اہل خانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کیا۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے ارکان عادل صدیقی اور بابر غوری بھی موجود تھے۔انہوں نے مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی بھی کی۔

آزاد کشمیر کے سرکاری اداروں میں لاکھوں روپیہ ماہانہ تنخواہوں پر غیر ریاستی اور منظور نظر لوگوں کو بھرتی کیا جارہا ہے

جوائنٹ انچارج آزاد کشمیر ملک تنویر

مظفرآباد۔۔۔23،اپریل2008ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے جوائنٹ انچارج وچیئرمین پارلیمانی بورڈ ملک تنویر نے کہا ہے کہ وزیر اعظم سردار عتیق احمد اور چیف سیکریٹری نے ریاستی باشندوں کو نظر انداز کرکے غیر ریاستی اور منظور نظر لوگوں کو آزاد کشمیر کے سرکاری اداروں میں لاکھوں روپے ماہانہ تنخواہ پر بھرتی کرنے کا سلسلہ شروع کررکھا ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے امبور مہاجر کیمپ میں ایم کیوایم کی ذیلی تنظیم متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے منعقدہ اجلاس میں طلباء سے بات چیت کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ آزاد کشمیر حکومت کی طرف سے ریاستی اداروں پر روزگار کے دروازے بند کردیئے گئے ہیں اور منظور نظر افراد کو نوازا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومتی وزیر حامد رضا راسمبلی اجلاس کے دوران ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر طاہر کھوکھر پر حملہ کرنے کے بعد سے مسلسل آزاد کشمیر کی مختلف مساجد میں جاکر ایم کیوایم کے خلاف مسلسل تقاریر کررہے ہیں اور جھوٹ بول رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حامد رضا کی طرف سے ایم کیوایم کے پارلیمانی لیڈر پر حملے کے واقعہ اور آزاد کشمیر حکومت اور انتظامیہ کی طرف سے ایف آئی آر درج نہ ہونے پر ہم نے ہائی کورٹ سے رجوع کیا ہے جہاں سے یقیناً انصاف ہوگا اور ایم کیوایم عدالت کے ہر فیصلہ کو تسلیم کرے گی۔اس موقع پر متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے سید سفیر حسین،، اشفاق حسین، خلیل چوہدری، سید ساجد شاہ، اختر حسین میر اور محمد سجاد نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کے حق پرستی کے پیغام کو طلباء تک پہنچانے میں بھرپور جدوجہد کریں گے اور متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کو پورے آزاد کشمیر میں منظم کریں گے۔

☆☆☆☆☆